© rasailojaraid.com



شفیق الدین فاروقی

# دارالعلوم کے شب وروز

## دارالعلوم کے اساتذہ کی حج بیت اللہ کے لئے روانگی :

امارت اسلامی افغانستان کی طرف سے دارالعلوم حقانیہ کے مشائخ واساتذہ شیخ الحدیث حضرت مولانا مغفور اللہ صاحب مدظلہ شیخ الحدیث حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب مدظلہ اور شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی محمد فرید صاحب مدظلہ حج بیت اللہ کے لئے تشریف لئے گئے تھے اور الحمدللہ خیر وعافیت وطن واپس تشریف لائے۔

## دارالعلوم میں عیدالاضحیٰ کی تعطیلات :

مورخہ یکم مارچ ۲۰۰۱ء کو عیدالاضحیٰ کے لئے تعطیلات ہوئیں اور یہ چھٹیاں ۷ مارچ ۲۰۰۱ء تک جاری رہیں۔ انہیں تعطیلات کی بنأ پر موجودہ پرچہ بھی تاخیر کا شکار ہوا۔

## افغانستان کے متعدد سابقہ تنظیموں کے اہم رہنماؤں کی دارالعلوم آمد :

مورخہ ۲۰ مارچ کو افغانستان کی مختلف سیاسی اور جہادی تنظیموں کے اہم نمائندے حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ سے ملاقات کے لئے تشریف لائے۔ ان میں حزب اسلامی کے رہنما اور سابق وزیر اعظم افغانستان مولانا قاضی امین وقاد اور حکمت یار کے دست راست قطب الدین ہلال، جنرل موسیٰ خان، احمد ولی، سید سلمان گیلانی، انجینئر محمد ایوب، حاجی دین محمد، حاجی حیات اللہ، حاجی رفیع اللہ اور رشید اللہ قاسم نمایاں تھے۔ حزب اسلامی کے علاوہ حرکت انقلاب اسلامیہ افغانستان، جبہ ملی نجات اور دیگر جماعتوں کے نمائندے موجود تھے۔ وفد نے یہاں پاکستان میں افغان مہاجرین کے ساتھ حکومتی نازیبا سلوک، ان کی پکڑ دھکڑ اور امریکی پابندیوں کے باعث نئے مہاجرین کی آمد اور بارڈر پر ان پر ہونے والے بیجا تشدد کے بارے میں اپنی تشویش سے آگاہ کیا اور انہوں نے مولانا مدظلہ سے مطالبہ کیا کہ یہ مسئلہ افغان ڈیفنس کونسل کے پلیٹ فارم سے اٹھایا جائے۔ مولانا مدظلہ نے اس پر انتہائی رنج وغم کا اظہار کیا اور انہیں یقین دلایا کہ آپ لوگ مطمئن رہیں ہم اس بارے میں عنقریب ہی افغان ڈیفنس کونسل کا اجلاس بلائیں گے اور حکومت سے افغان مہاجرین کے ساتھ برتے گئے نارو سلوک پر احتجاج کریں گے۔ مولانا مدظلہ نے ان کے ساتھ افغانستان کے بارے میں تفصیلی بات چیت کی۔

© rasailojaraid.com